# 19-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ یو پی ایس سی، پی ایس سی تقررات میں دیانت داری اورعزم کوترجیح دینے ملک کے پبلک سرویس کمیشنز چیرپرسنس کے اجلاس میں صدرجمہوریہ ہند دروپدی مرمو کامشورہ۔

۲۔ چیف الیکشن کمشنرگیانیش کمارکی تین روزہ دورہ پر حیدرآباد آمد۔ ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر کے علاوہ اعلیٰ عہدیداروں نے استقبال کیا۔

۳۔ڈپٹی چیف منسٹربھٹی وکرامارکا نے کہا کہ اوڈیشہ کے نائنی کول بلاک کے پاس پاور پلانٹ کے قیام کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ ڈائرکٹر جنرل پولیس شیودھر ریڈی کے سامنے آج 41 ماؤنوازوں نے ہتھیارڈال دئے۔

Surrender

تلنگانہ کے ڈائرکٹر جنرل پولیس شیودھر ریڈی کے سامنے 41 ماؤنوازوں نے آج ہتھیار ڈال دئے۔خودسپرد ہونے والوں میں 6 پلاٹون کمیٹی کے ارکان، 12 ایریا کمیٹی ارکان، 23 پارٹی ممبرس شامل ہیں۔ان میں سے دو کا تعلق تلنگانہ سے ہے جبکہ 39 کا تعلق چھتیس گڑھ سے بتایا گیا ہے۔ ماؤنوازوں کے پاس سے 24 ہتھیار اور 7433 کارتوس ضبط کئے گئے۔ ڈی جی پی نے بتایا کہ حکومت کی بازآبادکاری پالیسی کے مطابق ڈویژن کمیٹی ارکان کو پانچ لاکھ روپے، ایریا کمیٹی ممبرس کو چار لاکھ روپے اور پارٹی ممبرس کو ایک لاکھ روپے ادا کئے جائیں گے۔ جاریہ سال ابھی تک 509 ماؤسٹوں نے تلنگانہ پولیس کے روبرو خودسپردگی اختیار کی ہے۔

CEC

چیف الیکشن کمشنر آف انڈیا گیانیش کمار تین روزہ دورہ کے حصہ کے طور پر آج حیدرآباد پہنچے۔ آج دوپہر حیدرآباد ایرپورٹ پہنچنے پر تلنگانہ ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی سمیت، انتخابی شعبہ کے اعلیٰ عہدیداروں نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔ بعد ازاں وہ آندھراپردیش کے سری سیلم کیلئے روانہ ہوئے۔ حیدرآباد کے دورہ کے موقع پر گیانیش کمار تلنگانہ اسٹیٹ بوتھ لیول عہدیداروں کے ساتھ رویندرا بھارتی آڈیٹوریم میں اجلاس منعقد کریں گے۔ اسی طرح وہ قلعہ گولکنڈہ، حسین ساگر، چارمینار، سالار جنگ میوزیم جیسے تاریخی مقامات کا دورہ کریں گے۔ اس دوران بتایا گیا ہے کہ وہ آندھراپردیش میں کسی بھی طرح کے سرکاری پروگرام میں شرکت نہیں کریں گے۔

President National Conference

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے اپیل کی ہے کہ یکساں مواقع کے ساتھ ساتھ نتائج میں بھی یکسانیت کے نشانہ کے حصول کیلئے ملک کے پبلک سروس کمیشنز کو کوششیں کرنی چاہیئے۔ انہوں نے حیدرآباد میں منعقدہ اسٹیٹ پبلک سروس کمیشنز چیر پرسنس کے قومی کانفرنس کا آج افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ یو پی ایس سی، پی ایس سی میں تقرر کیئے جانے والے امیدواروں کی دیانتداری اور عزم کو ترجیح دی جانی چاہیئے۔

Sound Byte.

صدر جمہوریہ نے کہا کہ قومی اور ریاستی سطح کی عوام پر مبنی پالیسیوں پر عمل آوری کیلئے سیول سرونٹس کا اہم رول ہے۔ سرکاری ملازمین کی دیانتداری، حساسیت اور کارکردگی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

انہوں نے کہا کہ سال 2047ء تک وکست بھارت کا ہدف حاصل کرنے کے لئے ملک کو ہر سطح پر انتہائی موثر حکمرانی کے نظام کی ضرورت ہے۔

Sound Byte

قبل ازیں گورنر جشنو دیو ورما نے اپنے خطاب میں کہا کہ تقررات کے معاملہ میں ہر سطح پر شفافیت کو ترجیح دی جانی چاہئے۔

Sound Byte Governor

یو پی ایس سی چیر پرسن اجئے کمار نے کہا کہ قانونی طور پر مضبوطی اور تقررات کے نظام کو مضبوط کرنے کے لئے حیدرآباد میں نلسار یونیورسٹی، اسٹیٹ پی ایس سی میں فعال شراکت داری سے 100 سنگ میل پر مبنی فیصلوں کیلئے راہیں ہموار کی گئیں۔

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ ریاست میں طبی تعلیم میں تحقیق کو ترجیح دینے کے نشانہ کی تکمیل کے تحت ریاستی حکومت کی جانب سے اصلاحات پر عمل آوری کی جارہی ہے۔انہوں نے سکریٹریٹ میں منعقدہ جائزہ اجلاس میں سرکاری، خانگی میڈکل کالجس کی کارکردگی، طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور تعلیم کے معیار پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر صحت نے طبی کالجس کی کارکردگی پر تقرر کردہ میڈیکل کالجس مانیٹرنگ کمیٹی کو ہر ماہ رپوٹ پیش کرنے کا مشورہ دیا۔

Deputy CM

ڈپٹی چیف منسٹر بھوٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ سنگارینی کی قیادت میں جاری نائنی کول بلاک پٹ ہیڈ کے پاس تھرمل پاور پلانٹ کے قیام کا تلنگانہ کے عہدیداروں کی ٹیم کی جانب سے جائزہ لیا جارہا

ہے۔انہوں نے آج حیدرآباد میں اوڈیشہ کے چیف منسٹر موہن چرن مانجھی کے ساتھ خصوصی ملاقات کی۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ تلنگانہ کے محکمہ توانائی کے عہدیداروں کی ٹیم نائنی کے علاقہ کا دورہ کرکے تخمینہ کا اندازہ لگائے گی اوراسی رپورٹ کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا۔

Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کے مختلف محکموں میں کام کرنے والے کنٹراکٹ اور آؤٹ سورسنگ ملازمین کی تفصیلات میں بدعنوانیوں پر کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے کل میڈیا سے بات کرتے ہوئے اس سلسلہ میں کئے گئے ایک سوال کا جواب دیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ درحقیقت ایجنسی اورشعبوں کے سربراہوں کی جانب سے دکھائے جانے والے ملازمین اتنی تعداد میں کام کررہے ہیں یانہیں، اس کا پتہ چلنا چاہیئے۔ ریونت ریڈی نے بتایا کہ اعداد وشمار کا پتہ چلانے کے لئے فارنسک آڈیٹ کروائی جارہی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ریکارڈ میں کتنے ملازمین کودکھایا جارہا ہے، اتنے ملازمین کام نہیں کررہے ہیں اورغلط شواہد کی بنیاد پر تنخواہیں حاصل کرنے کا علم ہوتا ہے توان کے خلاف ریونیوریکوری ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے گی۔

Bhatti Sridhar babu

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ عہدیدار کے طور پرنہیں بلکہ عوامی خدمت گزار کے طور پر شناخت کے ذریعہ عہدہ کے ساتھ انصاف کیا جاسکتا ہے۔ 2003 ملک گیر سطح کے مرکزی خدمات کے عہدیداروں نے تلنگانہ میں منعقدہ 10 ہفتوں کا خصوصی فاؤنڈیشن کورس مکمل کیا۔حیدرآباد کے ایم سی آر ایچ آر ڈی آئی میں ان کی ٹریننگ کے اختتام کا اجلاس منعقد ہوا۔اس تقریب میں ڈپٹی چیف منسٹر نے زور دیا کہ دیانتداری، انسانیت اورقیادت کے جذبہ کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیئے اور

جرأت مندانہ فیصلے لئے جانا چاہئے۔ تقریب میں شریک آئی ٹی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ انتظامیہ کا مقصد صرف فائل اور قواعد ہی نہیں بلکہ عوام کے قریب ہوکر انسانی تعلقات کے عمل کی نشاندہی کی جانی چاہئے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کل رات دہلی میں اپنے قیام گاہ پر علاقہ تلنگانہ کے ارکانِ پارلیمنٹ سے ملاقات کی۔ اس اجلاس میں مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے، ارکان پارلیمنٹ ایٹلا راجندر، ڈی کے ارونا، دھرما پوری اروند، رگھونندن، کونڈا ویشو یشور ریڈی، گوڈم نگیش، آر کرشنیا شریک تھے۔ اس اجلاس میں مرکزی حکومت کی اسکیمات اور پارٹی کے پروگرامس کو ریاست بھر میں موثر طریقہ سے عوام کے درمیان لے جانے کے علاوہ پارٹی کو مزید مستحکم کرنے کیلئے خدمات انجام دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ارکانِ پارلیمنٹ نے عنقریب ہونے والے جی ایچ ایم سی، بلدیہ انتخابات کے علاوہ ایم پی ٹی سی، زیڈ پی ٹی سی انتخابات میں خاص حکمتِ عملی کے تحت کام کرنے کا فیصلہ کیا۔

RBI Governor

آر بی آئی کے گورنر سنجے ملہوترا نے ریاستی حکومت کی جانب سے اختیار کردہ معاشی پالیسی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ کل انہوں نے جوبلی ہلز میں چیف منسٹر ریونت ریڈی سے خیر سگالی ملاقات کی۔ اس موقع پر ریونت ریڈی نے آر بی آر گورنر کو ریاستی حکومت حکومت کی جانب سے متعارف کردہ اصلاحات سے واقف کروایا۔ انہوں نے بتایا کہ برقی شعبہ میں اصلاحات، تین ڈسکم کے قیام، شمسی توانائی کے استعمال میں اضافہ کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر آر بی آئی گورنر نے ''بڈس ایکٹ'' کو نوٹیفائی کرنے کے علاوہ مزید جامع منصوبہ کے تحت آگے بڑھنے کی چیف منسٹر سے خواہش کی۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاست میں ابھی تک ایک لاکھ 59 ہزار 304 الکٹرک گاڑیوں کیلئے ریاستی حکومت کی جانب سے 806 کروڑ سے زائد کی رعایت دی گئی ہے۔انہوں نے آج حیدرآباد میں الکٹرک گاڑیوں کی تیاری کرنے والوں اور ڈیلرس کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہلی میں درپیش فضائی آلودگی جیسی صورتحال حیدرآباد کو درپیش نہ ہو، اسی مقصد کے تحت جی او نمبر 41 کے ذریعہ ای وی پالیسی لائی گئی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری اداروں سے متعلق 20 فیصد الکٹرک گاڑیوں کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

SIT

فون ٹائپنگ معاملہ کی تحقیقات کیلئے حکومت کی جانب سے اسپیشل انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دی گئی ہے۔ کمشنر پولیس حیدرآباد وی سی سجنار اس کی قیادت کریں گے۔ان کے علاوہ 9 پولیس عہدیدار اس ٹیم میں شامل ہوں گے۔اس سلسلہ میں ڈائرکٹر جنرل پولیس شیودھر ریڈی نے کل احکامات جاری کئے۔ ایس آئی ٹی میں راما گنڈم، سدی پیٹ، پولیس کمشنرس امبر کشور جھا، وجئے کمار، مادھوپور مہیشورم ڈی سی پیز رِتی راج، نارائن ریڈی، گرے ہانڈس گروپ کمانڈر رویندر ریڈی، راجندر نگر ایڈیشنل ڈی سی پی کے ایس راؤ، جوبلی ہلز اے سی پی وینکٹ گری کے علاوہ ڈی ایس پیز شری دھر، ناگیندر راؤ شامل ہوں گے۔

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں اگلے تین دنوں تک سردی کی شدت میں اضافہ رہے گا۔پیش قیاسی کی گئی ہے کہ بعض علاقوں میں سرد ہوائیں چلیں گی اور اقل ترین درجہ حرارت تین سے چار ڈگری کم درج ہوگا۔

Tribute

ریٹائرڈ آئی آئی ایس عہدیدار باقر مرزا کا کل رات قلب پر حملہ کی وجہ سے انتقال ہوگیا۔ان کے اچانک انتقال پر آکاش وانی حیدرآباد کیندر بالخصوص علاقائی خبروں کے شعبہ کے عہدیداروں نے گہرے رنج کا اظہار کیا۔ باقر مرزا سال 2016ء تک تقریباً 5 سال حیدرآباد کے علاقائی خبروں کے شعبہ کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔قبل ازیں انہوں نے پی آئی بی کے علاوہ پرسار بھارتی دہلی، حیدرآباد اور گوہاٹی میں خدمات انجام دی ہیں۔

Media Academy

ریاستی وزیر اطلاعات پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ دوسالہ دورِ حکمرانی نے تلنگانہ کو واضح اور نئی سمت دکھائی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کے اعتماد اور یقین کو حکومت نے برقرار رکھا۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ اور میڈیا اکیڈیمی کے زیر اہتمام اضلاع کے پبلک ریلیشن آفیسرس کیلئے منعقدہ ریفریشر کورس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقی اور فلاحی اقدامات میں برق رفتاری سے کام کیا جارہا ہے۔

○○